Healthy smiles Ontario

Healthy Smiles Ontario کیا ہے؟

Healthy Smiles Ontario 17 برس اور کم عمر کے بچوں اور نوجوانوں کے لیے دانتوں کے مفت علاج کا ایک پروگرام ہے۔

یکم جنوری 2016 تک Healthy Smiles Ontario میں جو پروگرام شامل ہیں ان کے نام یہ ہیں:

- Ontario Works کے تحت آنے والے بچوں کے لیے ڈینٹل فوائد؛
- معذوروں کے لیے اونٹاریو کا معاونتی پروگرام (Ontario Disability Support Program) کے تحت آنے والے بچوں کے لیے ڈینٹل فوائد؛
- شدید معذوری کا شکار بچوں کے لیے معاونتی پروگرام (Assistance for Children with Severe Disabilities Program) کے تحت آنے والے بچوں کے لیے ڈینٹل فوائد
- علاج کے ضرورت مند بچوں کے لیے پروگرام (Children In Need of Treatment Program)؛
- Healthy Smiles Ontario؛ اور
- عوامی صحت کے مقامی یونٹ کی جانب سے دانتوں کی تدارکی صحت کی خدمات۔

اہل کون ہے؟

17 برس اور اس سے کم عمر بچے اور نوجوان اہل ہو سکتے ہیں، اگر:

- وہ اونٹاریو کے رہائشی ہیں؛ اور
- وہ ایسے گھرانے کے رکن ہیں جو آمدنی کی اہلیت کی شرائط پر پورا اترتا ہو۔

نوٹ: 17برس اور اس سے کم عمر بچےHealthy Smiles Ontario کے از خود ہی اہل اور رکن بن جائیں گےاگروہ یا ان کے اہل خانہ مندرجہ ذیل موصول کریں: اونٹاریو ورکس، عارضی نگہداشت کی معاونت، شدید معذوری کے شکار بچوں کے لیے معاونت یا معذوروں کے لیے اونٹاریو کا معاونتی پروگرام۔ دانتوں کی دیگر انشورنس کوریج رکھنے والے بچے اور نوجوان از خود خارج نہیں ہو سکتے۔

نام اندراج کرانے کا طریقہ کیا ہے؟

- ontario.ca/healthysmiles پر جائیں
- 1-844-296-6306 (TTY ٹول فری-5559-387-800-1) پر سروس اونٹاریو انفو لائن (ServiceOntario INFOline) کو کال کریں۔
- عوامی صحت کے مقامی یونٹ بھی رکنیت حاصل کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ آپ ontario.ca/healthysmiles پر جا کر اپنے علاقے میں کام کرنے والے عوامی صحت کے یونٹ کے متعلق جان سکتے ہیں۔

رکنیت کی تصدیق ہونے پر آپ کو Healthy Smiles Ontario کا ڈینٹل کارڈ موصول ہو گا۔ پروگرام کے تحت ڈینٹل کیئر حاصل کرنے کی غرض سے جانے پر آپ کو اپنا ڈینٹل کارڈ ہر مرتبہ ڈینٹل خدمات کے فراہم کنندہ کو دکھانا ہو گا۔

میرا بچہ ایمرجنسی ڈینٹل کیئر سمیت دانتوں کے علاج تک کیسے رسائی حاصل کر سکتا ہے؟

اگر آپ کا کوئی ڈینٹسٹ ہے تو اُن کے دفتر سے معلوم کریں کہ آیا وہ Healthy Smiles Ontario میں شامل ہیں یا نہیں۔ اگر آپ کا کوئی ڈینٹسٹ نہیں ہے تو مدد کے لیے عوامی صحت کے مقامی یونٹ سے رابطہ کریں۔ آپ ontario.ca/healthysmiles پر جا کر اپنے علاقے میں کام کرنے والے عوامی صحت کے یونٹ کے متعلق جان سکتے ہیں۔

پروگرام میں کون سی خدمات شامل ہیں؟

Healthy Smiles Ontario دانتوں کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے لائسنس یافتہ پروفیشنل، جیسے کہ ماہر دندان یا دانتوں کی صفائی کے ماہر سے باقاعدگی کے ساتھ ملاقاتوں کا احاطہ کرتا ہے۔ اس میں معائنے اپ، صفائی، بھرائی، ایکسرے اور سکیلنگ کی خدمات کا احاطہ بھی کیا جاتا ہے۔ Healthy Smiles Ontario میں مُنہ کی صحت کی فوری یا ہنگامی دیکھ بھال کی خدمات کا احاطہ بھی کیا جاتا ہے۔

منہ کی صحت اہم کیوں ہے؟

دانتوں میں کیڑا اور مسوڑوں کے امراض نہایت تکلیف دہ اور بڑوں میں دانتوں کی نشوونما کو متاثر کرنے والے شدید خطرات سے دوچار کر سکتے ہیں۔ درد کے باعث نیند ختم ہو سکتی ہے، بچے کی کھانا کھانے کی صلاحیت متاثر ہو سکتی ہے حتی کہ سیکھنے اور سکول جانے کا معمول بھی متاثر ہو سکتا ہے۔ منہ کی اچھی صحت آپ کے بچے کی عزت نفس، صحت مندی کے احساس اور ان کی مجموعی صحت کے لیے نہایت اہم ہے۔ منہ کے طبی امراض کی شروع ہونے سے پہلے ہی روک تھام کریں!

مزید معلومات:

- ontario.ca/healthysmiles پر جائیں
- یا سروس اونٹاریو انفو لائن پر کال کریں:

ٹول فری: 1-844-296-6306
TTY ٹول فری: 1-800-387-5559
TTY صرف ٹورانٹو کے لیے: 416-327-4282

Catalogue No. 020410 ISBN No. 978-1-4606-7227-3 (PDF) January 2016 © Queen's Printer for Ontario 2016